فوری ریلیز کے لیے: 23/5/2023 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے GE ورنووا کی جانب سے 50$ ملین کی سرمایہ کاری کرنے کا اعلان کیا تاکہ سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میں ساحلی بادبانی نیسیلز کے صنعتکاری آپریشن کے لیے مقام معلوم کیا جائے

یہ پروجیکٹ ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے آب و ہوا کے ایجنڈے کو تقویت دیتا ہے جو کہ ملک میں سب سے پہلا آب و ہوا کا ایجنڈا اور صاف توانائی کا سب سے زیادہ جارحانہ اقدام ہے۔

GE ورنووا پُرعزم ہے کہ دارالحکومتی علاقے میں کم از کم 160 نئی نوکریاں پیدا کی جائیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ GE ورنووا کی جانب سے سکینیکٹیڈی میں ساحلی بادبانی نیسیلز کے صنعتکاری آپریشن کے محلِ وقوع کے لیے 50$ ملین کی سرمایہ کاری کی جائے گی، جس سے کم از کم 160 نئی کل وقتی، قابل تجدید توانائی والی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ سر سبز معیشت کو فروغ دینے، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لانے، اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے میں قومی قیادت سنبھالنے میں، اس اعلان سے ریاست نیویارک کی کوششوں کی تکمیل کی جائے گی۔

"ریاست نیویارک میں جنرل الیکٹرک کا ایک طویل اور شاندار ماضی ہے اور یہ ایک صدی سے زیادہ عرصے سے جدید ترین اختراعات کی قیادت کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہمیں GE ورنووا کے ساتھ شراکت داری کرنے پر فخر ہے تاکہ نیو یارک کی ونڈ ٹیکنالوجی کے لیے ایک اہم صنعتی مرکز بننے کا نظریہ پورا کیا جائے اور ہمیں ہمارے ملک کے آب و ہوا کے مشہور اہداف کے حصول، کئی نسلوں کے لیے ایک بہتر اور صاف ستھرے مستقبل کے حصول کے قریب تر لے جائے۔"

GE ورنووا کے CEO Scott Strazik نے کہا، "گھریلو مواد کی حالیہ رہنمائی پر ہم انتظامیہ کی تعریف کرتے ہیں، جو ہمیں یقین دلاتا ہے کہ ہم اس دلچسپ پروجیکٹ میں پیش رفت کر سکتے ہیں اور اضافی رہنمائی کی حمایت کے منتظر ہیں۔ ہمیں فخر ہے کہ نیو یارک میں ونڈ ٹربائن کے اجزاء کی اسمبلی — اور اندازے کے مطابق 200 نئی ملازمتوں — کو متعارف کرواتے ہوئے، ہم اپنے امریکی صنعتکاری کے اثرات اور افرادی قوت میں وسعت لا رہے ہیں تاکہ زیادہ صاف ستھری توانائی کی ٹیکنالوجی کی تعمیر اور اختراع کا کام جاری رکھا جائے۔ یہ ریاست، اور دارالحکومتی علاقہ، GE کے ماضی کا ایک اہم حصہ ہیں اور یہ سرمایہ کاری سکینیکٹیڈی کے کردار کو مضبوط کرے گی تاکہ مستقبل میں توانائی کی منتقلی کو آگے بڑھایا جائے۔"

GE کی جانب سے سہولت گاہوں کی تزئین و آرائش کے کام اور نئی مشینری اور آلات میں سرمایہ کاری کی جائے گی تاکہ کمپنی کی 6.1 میگا واٹ کے ساحلی ونڈ ٹربائن کی لائن کے لیے نیسیلز کی تیاری میں مدد ملے۔ نیسیل ٹربائن کا وہ حصہ ہوتا ہے جس میں ایسے اجزا موجود ہوتے ہیں جو ہوا کی حرکیاتی توانائی کو مکینیکل توانائی میں تبدیل کر دیتے ہیں تاکہ بجلی پیدا کرنے والے جنریٹر کو چلایا جا سکے۔ صنعتی اسمبلی کے سلسلے کی قطار اس عمارت میں نصب کی جائے گی جہاں GE ورنووا سٹیم ٹربائنز اور جنریٹرز کی تیاری جاری ہے۔ امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) نے کارکردگی پر مبنی سر سبز ایکسلسیئر ملازمتوں کے ٹیکس کریڈٹ میں 2.5$ ملین تک فراہم کرنے پر اتفاق کیا ہے تاکہ 200 آسامیوں کی گنجائش کے ساتھ - کم از کم 160 ملازمتیں پیدا کرنے اور برقرار رکھنے میں معاونت کی جائے۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت میں، ESD کی توجہ اس بات پر مرکوز ہے کہ سرسبز معیشت بڑھائی جائے اور ریاست نیویارک میں صنعتکاری میں اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کی جائیں۔ GE ایک عالمی رہنما ہیں جو قابل تجدید توانائی کی ٹیکنالوجی تیار کرتے ہیں اور پوری دنیا میں صاف ستھری، قابل تجدید توانائی فراہم کرتے ہیں، اور ہمیں خوشی ہے کہ وہ سکینیکٹیڈی میں اپنی روایت کو فروغ دیں گے۔"

NYSERDA کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "جیسے کہ گورنر Hochul کی قیادت میں قابل تجدید توانائی کو فروغ دینے میں ایک قومی رہنما کے طور ہم نیویارک کے مقام کو تسلیم کرتے ہیں، اسی طرح ہم نجی عوامی شراکت داریوں کو اپنی طرف متوجہ کرنا اور بڑھانا جاری رکھیں گے جس کے نتیجے میں ہماری آبائی ریاست میں بھی صاف ستھری توانائی کی صنعت ترقی کرے گی۔ ونڈ نیسیل کی صنعتکاری میں GE ورنووا کی سرمایہ کاری، دارالحکومتی علاقے کے لیے ایک بہت بڑی جیت ہے جس کے نتیجے میں صاف ستھری توانائی کی جانب منتقلی میں معاونت کرتے ہوئے نئی سر سبز ملازمتیں پیدا ہوں گی۔"

نیو یارک کے پاس بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی اور ٹرانسمیشن کے 120 پروجیکٹس کی ایک مضبوط پائپ لائن موجود ہے جن کی تکمیل کے بعد گرڈ کو 14,200 میگاواٹس سے زیادہ نئی صاف ستھری بجلی ملنے کی توقع ہے— جو نیویارک کے تقریباً ساڑھے پانچ ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لئے کافی ہو گی۔ نئی سبز انرجی ٹرانسمیشن کی تعمیر کا یہ ریاستی عزم جس کی قیادت ریاست میں پہلے سے جاری 250 میل کے نئے بڑے اپ گریڈز کر رہے ہیں، اور Clean Path New York اور Champlain Hudson Power Express کی ٹرانسمیشن لائنیں جن کی منظوری اپریل میں دی گئی تھی، ان سے یہ امر ممکن بن جائے گا کہ آپریشنل ہونے کے بعد نیویارک کی قابل تجدید بجلی کی موجودہ پائپ لائن کا 66 فیصد سے زیادہ حصہ قابل تجدید ذرائع پر مشتمل ہو۔ قابل تجدید توانائی کے اس پورٹ فولیو کو NYSERDA کی چھٹی مسابقتی ترغیب سے تقویت ملے گی جس کا اعلان گزشتہ ستمبر میں کیا گیا تھا اور جس میں 2,000 میگاواٹ یا اس سے زیادہ نئے بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کا منصوبہ بنایا گیا تھا جو نجی قابل تجدید توانائی ڈویلپرز کے لئے ریاستی معاہدوں کے مواقع کی متوقع رفتار کو برقرار رکھیں۔ NYSERDA سنہ 2023 کے موسم گرما میں ایوارڈز کا اعلان کرنے کی توقع رکھتا ہے۔

سکینیکٹیڈی کاؤنٹی کی مقننہ کے صدرAnthony Jasenski نے کہا، "سکینیکٹیڈی کاؤنٹی کی جانب سے مرکزی GE کیمپس میں بلڈنگ 273 میں اس 50$ ملین کی سرمایہ کاری اور 200 نئی ملازمتوں کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔ میں گورنر Hochul اور امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی شاندار کوششوں کے لیے اس نئی ونڈ ٹربائن پروڈکٹ لائن اور ہماری کمیونٹی میں اچھی تنخواہ والی نوکریاں پیدا ہوئی ہیں۔ ہم GE ورنووا کے CEO Scott Strazik اور ان کی قابلِ تجدید توانائی کی ٹیم کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے یہ اہم نئی اسائنمنٹ حاصل کرنے کے لیے سکینیکٹیڈی کاؤنٹی کا انتخاب کیا ہے کیونکہ GE ورنووا کی طرف سے سر سبز توانائی والے مستقبل کی طرف منتقلی کی راہ ہموار کی جاتی ہے۔"

سکینیکٹیڈی کے میئر Gary McCarthy نے کہا، "ایک میئر کے طور پر اپنے پہلے دن سے، میں نے GE اور کمپنی کے سرشار ملازمین کے ساتھ مل کر کام کیا ہے تاکہ سکینیکٹیڈی کیمپس کو مسابقت میں رکھا جا سکے تاکہ ہم نئی سرمایہ کاری اور نئی مصنوعات کے سلسلے متوجہ کر سکیں۔ آج، ہم اس شاندار خبر کے لیے گورنر Hochul، امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور GE ورنووا کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ یہاں سکینیکٹیڈی میں ونڈ ٹربائنز کی اگلی نسل کی تعمیر میں، ہمارا GE کیمپس مدد کرے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ توانائی کی منتقلی کے عمل میں سکینیکٹیڈی کا ایک اہم حصہ ہو گا جو یہاں نیویارک ریاست اور پوری دنیا میں جاری و ساری ہے۔"

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیویارک کا قومی سطح کا ماحولیاتی ایجنڈا ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کے لیے پائیداری والی ملازمتیں پیدا کرتا ہے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، صاف ستھری توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد کا، کم از کم 35 فیصد حصہ، پسماندہ کمیونٹیز کو دیا جائے۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی

میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک کاربن سے معیشت گیر چھٹکارا شامل ہے۔ اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 1.8$ بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے صاف ستھری توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 2011 سے منقسم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 فیصد اضافے میں معاونت کر رہی ہیں۔

گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیویارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط بھی اپنا لیے ہیں، جن میں یہ شامل ہے کہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیئے۔ تقریباً 400 رجسٹر شدہ اور 100 سندیافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ نیویارک کی ماحولیاتی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی کی مداخلتوں اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

GE قابلِ تجدید توانائی کے بارے میں
GE قابلِ تجدید توانائی، جو GE ورنووا کے کاروباری پورٹ فولیو کا ایک لازمی حصہ ہے، یہ تقریباً 13$ بلین کا ایک کاروبار ہے جو قابل تجدید توانائی کی صنعت کے وسیع ترین پورٹ فولیوز میں سے ایک پورٹ فولیو کو باہم یکجا کرتا ہے تاکہ قابل بھروسہ اور سستی سر سبز بجلی کا مطالبہ کرنے کے لیے ہمارے صارفین کو بھرپور جامع حل فراہم کیے جا سکیں۔ ساحلی اور سمندری ہوا، بلیڈز، ہائیڈرو، اسٹوریج، یوٹیلیٹی پیمانے کے سولر، اور گرڈ سلوشنز کے ساتھ ہائبرڈ قابل تجدید ذرائع اور ڈیجیٹل خدمات کی پیشکش کو باہم یکجا کرتے ہوئے، GE قابل تجدید توانائی نے 400+ گیگا واٹس سے زیادہ صاف قابل تجدید توانائی کی تنصیبات انجام دی ہیں اور اپنے گرڈ سلوشنز کے ساتھ یہ دنیا بھر کی یوٹیلیٹیز کے 90 فیصد سے زیادہ کا ساز و سامان رکھتی ہے۔ 80 سے زائد ممالک میں تقریباً 36,000 ملازمین کے ساتھ، GE قابل تجدید توانائی کی جانب سے اس خواہش کے ساتھ صارفین کے لیے اہمیت پیدا کرتی ہے تاکہ سستے، قابل بھروسہ اور پائیدار سر سبز الیکٹرانز کے ساتھ دنیا کو بجلی فراہم کی جائے۔

GE ورنووا، جو ہمارے بجلی، قابل تجدید توانائی، ڈیجیٹل اور توانائی کی مالیاتی خدمات کے کاروبار پر مشتمل ایک متحرک ایکسلریٹر ہیں، جو توانائی کی عالمی منتقلی کے دوران صارفین کی انقلابی تبدیلیوں کی معاونت پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں